**26/09/2025**

**07.4O PM**

***.......لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگر مینیونیفائیڈ ہیڈ کواٹرس کی اہم میٹنگ کے دوران مجموعی سلامتی صورتحال کا لیا جائزہ .**

***.......موجودہ حکومت سماج کے سبھی طبقوں کے لوگوں کے مسائل کو حل کرنے اور مساوی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند// وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ.**

***.......وزیر اعظم نریندر مودی نے بہار کی 75لاکھ خواتین کیلئے مکھیہ منتری مہیلا روز گار یوجنا کا کیا آغاز.**

***....... صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے راشٹر پتی بھون میں نیشنل جیو سائنس ایوارڈس2024کئے عطا.**

**<u>ایل جی</u>**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی صدار ت میں راج بھون سرینگر میں یونیفائیڈ ہیڈکواٹرس کی ایک اہم میٹنگ منعقد ہوئی جس میں فوج کی شمالی کمان کے سربراہ لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما،چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ،ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات، فوج کی پندرویں کور کے سربراہ لیفٹنٹ جنرل پرشانت سری واستو، 16ویں کور کے سربراہ لیفٹنٹ جنرل پی کے مشرا، نویں کور کے سربراہ لیفٹنٹ جنرل راجن شراوت اور ائر وائس مارشل وِکاس شرما کے علاوہ ، نیم فوجی دستوں اور سراغ رساں ایجنسیوں کے اعلیٰ افسروں نے شرکت کی.میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کے مجموعی سلامتی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا.**

**<u>LGحکم</u>**

**میٹنگ کے بعد لیفٹنٹ گورنر نے جمونو کشمیر میں12سیاحتی مقامات کو سیاحوں اور عام لوگوں کےلئے دوبارہ کھولے جانے کے احکامات صادر کئے . ان میں کشمیر صوبے کے 7اور جموں صوبے کے5 سیاحتی مقامات شامل ہیں. یہ مقامات22اپریل کو پہلگام میں پیش آئے واقعے کے بعد سیاحتی سرگرمیوں کےلئے بند کئے گئے تھے.**

**<u>CMملاقات</u>**

**کئی عوامی وفود کے علاوہ جے اینڈ کے ٹیچرس فورم، سیول سوسائٹی بارہمولہ اور جے اینڈ کے ایمپلائز کارڈنیشن کمیٹی کے وفود نے آج رابطہ دفتر سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی. وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت سماج کے سبھی طبقوں کے مسائل کو حل کرنے کےلئے پُر عزم ہے.**

## عمر ملاقات

پنجاب ہیرٹیج اینڈ ٹور ازم پرموشن بورڈ حکومت پنجاب کے ایڈوائزر دیپک بالی نے آج سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی ۔ اس دوران انہوننے سیاحت اور کلچر کے شعبے میں اشتراک کو بڑھاوا دینے کےلئے جمونو کشمیر اور پنجاب حکومتوں کے مشترکہ پروگراموں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

## چمپئن شپ

وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے شیر کشمیر انڈور سپورٹس کمپلیکس سرینگر میں تیسری جونیئر چمپئن شپ کا آغاز کیا۔اس5روزہ چمپئن شپ میں11ممالک سے تعلق Pencak Silat ایشین رکھنے والے ایتھلیٹ شرکت کررہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے ایتھلیٹس کا خیر مقدم کر تے ہوئے کہا کہ مارشل آرٹ کے کھیل پچھلے کئی برسوں سے مقبول ہو رہے ہیں۔

## سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے آج ایک میٹنگ کے دوران جمونو کشمیر بورڈ آف پروفیشنل انٹرنس ایگزمینیشن کی ایک میٹنگ کے دوران جمونو کشمیر میں پیشہ ورانہ تعلیم کے مواقعوں کو فروغ دینے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔

## چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سرینگرمیں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں عملائی جا رہی پی ایم وشو کرما یوجنا کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر چیف سیکریٹری نے کہا کہ 70 سے 80ہزار مستحقین کو کریڈٹ لینکیج حاصل کرنے کیلئے مالی اداروں کے ساتھ جوڑا جانا چاہئے تاکہ وہ بھی اپنے کارو بار کو وسعت دے سکیں ۔

## سیوا پرو

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سشاسن یعنی عوامی خدمت اور بہتر حکمرانی کے منتر پر قدم بڑھاتے ہوئے
بدلاو

---

اور تر قی کیلئے انتھک کوشش کر رہی ہے۔ غ

سیوا پروکے عنوان سے خصوصی سیریز میں آج ہم حکومت کی طرف سے ملک مینکنکٹوٹی کے شعبے کو فروغ دینے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کو اجا گر کر رہے ہیں۔

پیش ہے آکاشوانی نیوز ڈیسک کی یہ ر پورٹ۔

**4G**

سہولیات کا آغاز کریں گے -Gکی BSNL4 اُڑیشہ سےBerhampur وزیر اعظم نریند رمودی کل

سرینگر کے پرنسپل جنرل منیجر اروند پانڈے نے سرینگر میں ایک BSNL اس تعلق سے آج کی خصوصیات کے بارے میں جانکاری G Roll outپریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے 4 دی ۔

**NCC**

1J&K Air Squardon NCC کی طرف سے آج ادھمپور کے مختلف علاقوں میں سوچھ بھارت ابھیان کے تحت ایک بڑی صفائی ستھرائی مہم کا انعقاد کیا گیاجس میں کیڈٹوں نے سرگرمی کے ساتھ شرکت کرکے لوگوں میں صفائی ستھرائی کے بارے میں بیداری پیدا کی۔

**سوستھ نا ری**

جمونو کشمیر ایمپلائز سٹیٹ انشورنس سو سائٹی کی طرف سے آج وادی میں سوستھ نا ری سشکت پریوار موضوع کے تحت ایک سواستھ میلے کا انعقاد کیا گیا جس دوران ماہرین طب نے مریضوں کی جانچ کی اور اُن میں مختلف بیماری کے بارے میں بیداری پیدا کی۔

**NIT**

سرینگر کے راج باشا سیل نے آج ہندی پکھواڑہ تقریب کے تحت روزگار کے شیطر میں NIT ہندی کے موضوع پر ایک سمینا ر کا انعقاد کیا۔

**GST**

اصلاحات نافذ کرنے سے اب لوگوں کو حیات بخش ادویات سمیت دیگر کئی GST ملک میں جدید چیزیں مناسب نرخوں پر دستیاب رہیں گی۔

نظام سے فائدہ اٹھا کر اس کی بڑے پیمانے پر پذیرائی کر رہے ہیں-GSTعوامی حلقے نئے

**صدرجمہوریہ**

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے آج راشٹر پتی بھون کلچرل سینٹر نئی دلی میں نیشنل جیو سائنس ایوارڈ 2024عطا کئے ۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے ایوارڈ حاصل کرنے والوں کو مبارکباد دی اور ملک کے ترقیاتی منظر نامے میں جیو سائنسدانوں کے رول کو اجا گر کیا ۔

**بریک**

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

**PM**

وزیر اعظم نریندرمودی نے آج نئی دلی سے ورچول طریقے پر بہار کی مکھیہ منتری مہیلا روز گار یوجنا کی شروعات کی ۔ انہوں نے بہار کی 75لاکھ خواتین کے بینک کھاتوں میں براہ راست دس دس ہزار روپے ٹرانسفر کئے ۔

اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کی بدولت خواتین کوبا اختیار بنانے اور ان کیلئے خود روز گار کے مواقعے پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔

**کسانPM**

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ہماچل کسان اسکیم کی21ویں قسط جاری کی ۔PMپردیش ، پنجاب اور اُتر کھنڈ کے کسانوں میں

انہوننے کہا کہ ان ریاستوں میں حالیہ سیلاب اور پسیاں گر آنے کے تناظر میں ترجیحی بنیادوں پر وہاں کے کسانوں کیلئے یہ قسط جاری کی گئی۔

**MIG-21**

جہاز ہمت ، نظم وضبط اور حب الوطنی کی ایک MIG-21 وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بہترین مثال ہے اور یہ ائرکرافٹ ایڈوانسڈ میڈیم کم بیٹ ائرکرافٹ تیا رکرنے کیلئے ترغیب دے گا ۔

کی ڈی کمشنگ تقریب سے خطاب MIG-21 آج چندی گڑھ میںانڈین ائر فورس کی طرف سے کرتے ہوئے انہوں نے انڈین ائر فورس کے بہادروں کے کام کی ستائش کی ۔

**جتندر سنگھ**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت نے پچھلے گیار ہ برسوں کے دوران ٹیکنالوجی کے شعبے میں کافی ترقی حاصل کی ہے ۔

آج نئی دلی میں کونسل آف سائنٹفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ کے 84ویں یوم تاسیس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی2047تک وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں ایک کلیدی رول ادا کرے گی ۔

**BJP**

اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے آج ناگسینی کشتواڑ میں کیندر ودلیالیہ کا دورہ کیا اور عملے و طلباءکے ساتھ بات چیت کی۔

بی جے پی جمونو کشمیر صدر ست شر ما کی صدارت میں آج اکھنور میں سیوا پکھواڑہ کے تحت ایک شجر کا ری مہم کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقعے پر پارتی کے کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

پارک جموں میں ایک پیڑ ماں JDAبی جے پی مہیلا مورچہ کی صدر ایڈوکیٹ نہا مہاجن نے آج کے نام مہم کے تحت شجر کا ری پروگرام کا انعقاد کیا۔

شام لال شرما کے جموں کے مختلف علاقوں میں حالیہ سیلاب MLA سینئر بی جے پی لیڈر اور سے تباہ ہوئے بنیادی ڈھانچے کو فوری طور سے بحال کرنے کی ضرورت پر زر دیا ہے۔

پارٹی کے ترجمان ڈاکٹر ہری دت شیشو نے کہا ہے کہ پارٹی کی طرف سے وزیر اعظم نریندر مودی کی کال پر شروع کئے گئے آتم نر بھر بھارت اور ہر گھر سودیشی مہم سے ملک کو خود انحصار بنانے میں مدد ملے گی۔

**این سی**

جڈی بل تنویر صادق نے آج اپنے حلقے کے مختلف MLA نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ اور علاقوں کاد ورہ کرکے وہاں لوگونکی ترقیاتی ضروریات اور مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

کئی مقامات پر لوگوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت لوگوں کو راحت پہنچانے کے کاموں میں جُٹی ہوئی ہے۔

**نشہ مکت بھارت ابھیان**

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے مینشوپیان ضلع کے ایک ماہر طب ڈاکٹر بشارت احمد شیخ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

## عرس

حضرت شےخ سےد عبدالقادر جےلانیؒکے عرس مبارک کی جاری تقریبات کے سلسلے میں آج مساجد ، زیارت گاہوں، خانقاہوں اور درگاہوں پر نمازِ جمعہ پر علمائے کرام نے حضرت دستگیر صاحبؒ کی اسلامی خدمات اور کارناموں پر وعظ فرمایا۔

جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض ہمدانی نے پانپور میں تبلیغ کے دوران غوث العظمؒ کی زندگی کے مختلف پہلوؤنکو اجا گر کیا۔

## ACB

اینٹی کورپشن بیورو جمونو کشمیر نے جموں ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے سابق وائس چیرمین وِنود کے JDAاور Ghany Sham کے اُس وقت کے نائب تحصیلدارJDAشرما، انکی اہلیہ ممتا شرما، اُس وقت کے پٹواری ریشی کمار کے خلاف غیر قانونی طور پلاٹ الاٹ کرنے کے معاملے میں سپیشل جج اینٹی کورپشن جموں کی عدالت میں چارج شیٹ داخل کی ہے۔

## گرفتار

پولیس نے بیروہ بڈگام میں نو عمر بچوں کے جنسی طور استحصال کرنے کے ایک معاملے میں ایک قصور وار کو گرفتار کیا ہے۔

## پروگرام اطلاع

جموں کشمیر میں سکلنگ نظام سے متعلق آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کردہ ایک خصوصی پروگرام آج رات دس بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر ہوگا۔

پروگرام کے مہمان ہوں گے سکل ڈیولپمنٹ محکمہ جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شہزاد عالم۔

ان کے ساتھ ہمکلام ہوں گے آکاشوانی نیوز سرینگرکے سربراہ طارق راتھر۔

**موسم**

**محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24 گھنٹوں کے دوران موسم عام طور سے خشک رہنے کا امکان ہے۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت11اعشاریہ2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23اعشاریہ1ڈگری سیلسیس تھا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح 6 بجکر22 منٹ پر اور**

**غروب آفتاب شام6 بج کر 20منٹ پر ہو گا۔**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔**

**ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ**

……………………………………

……………

…….